NSW GOVERNMENT

NSW Health

تپدق (TB) کا انفیکشن

Tuberculosis (TB) Infection

Urdu

تپدق (TB) کے انفیکشن سے کیا مراد ہے؟

تپدق(TB) ایک انفیکشن ہے جو TB جراثیم کی وجہ سے ہوتا ہے۔ TB ہوا کے ذریعے پھیلتی ہے۔

یہ ممکن ہے کہ TB کے جراثیم جسم میں موجود ہونے کے باوجود انسان بیمار نہ ہو۔ اسے مخفی TB انفیکشن یا 'سوئی ہوئی TB' کہا جاتا ہے۔ آپ کے جسم میں سوئی ہوئی TB سے دوسرے لوگوں کو انفیکشن نہیں لگ سکتا۔

اگر آپ میں TB انفیکشن موجود ہو تو آپ کو ہر ڈاکٹر سے ملاقات کے وقت اس بارے میں بتانا چاہیے۔ ڈاکٹر ان معلومات کو راز میں رکھیں گے۔ اس کے علاوہ آپ کو کسی کو بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔

TB انفیکشن اور TB کی بیماری(health.nsw.gov.au/Infectious/tuberculosis/Pages/tuberculosis-factsheets-languages.aspx) دو مختلف چیزیں ہیں۔ TB کی بیماری تب ہوتی ہے جب TB کے جراثیم بیدار ہو جائیں یا ان کی تعداد بڑھ جائے اور یہ آپ کو بیمار کر دیں۔ اگر ایسا ہو اور اگر TB کی بیماری آپ کے پھیپھڑوں میں ہو تو یہ جراثیم دوسرے لوگوں تک پھیل سکتے ہیں۔ TB کی بیماری کی علامات میں کھانسی، بخار، رات کو پسینہ آنا اور وزن میں تیزی سے کمی شامل ہو سکتی ہیں۔

مجھے کیسے پتہ چل سکتا ہے کہ مجھے TB انفیکشن ہے؟

آپ کے جسم میں TB انفیکشن کا پتہ چلانے کے لیے آپ کے ڈاکٹر یا نرس آپ کو ٹیسٹ کروانے کی ہدایت کر سکتے ہیں۔ وہ دو قسموں کے ٹیسٹ کروانے کی ہدایت کر سکتے ہیں:

- TB کے لیے خون کا ٹیسٹ (جسے QuantiFERON Gold یا IGRA بھی کہتے ہیں)، یا
- ٹیوبرکولین سکن ٹیسٹ (جسے TST یا Mantoux ٹیسٹ بھی کہتے ہیں)۔ یہ ٹیسٹ کلائی کی جلد میں ایک چھوٹے سے انجیکشن کے ذریعے ہوتا ہے۔

کیا مجھے TB کی بیماری ہو جائے گی؟

آپ کا مدافعتی نظام TB کے جراثیم کے مقابلے کی کوشش کرے گا۔ اس کے نتیجے میں ممکن ہے کہ آپ TB کی بیماری سے بچ جائیں۔

TB انفیکشن رکھنے والے ہر 10 افراد میں سے تقریباً 1 کو TB کی بیماری ہو جائے گی۔ TB کے جراثیم کا انفیکشن لگنے کے بعد بیماری چند مہینوں کے اندر ظاہر ہو سکتی ہے لیکن اس میں کئی سال بھی لگ سکتے ہیں۔

ان صورتوں میں آپ کے TB انفیکشن کے TB کی بیماری میں بدل جانے کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے کہ:

- آپ کی عمر بہت کم ہو (آپ 5 سال سے چھوٹے ہوں) یا آپ 65 سال سے زیادہ عمر کے ہوں
- آپ کو مدافعتی نظام کو کمزور کرنے والی کوئی بیماری مثلاً ذیابیطس ہو

© NSW Ministry of Health. SHPN (CDB) 240410-16. May 2024

- آپ قوتِ مدافعت کمزور کرنے والی دوائی لیتے ہوں
- آپ ذہنی دباؤ یا پریشانی کے دور سے گزر رہے ہوں کیونکہ اس سے قوتِ مدافعت کمزور ہو سکتی ہے۔

اگر آپ فکرمند ہوں تو آپ کو اپنے لیے TB کی بیماری ہونے کے خطرے کے متعلق اپنے ڈاکٹر سے بات کرنی چاہیے۔

شاید آپ کا ڈاکٹر TB کی بیماری کو روکنے والی خاص اینٹی بائیوٹکس لینے یا باقاعدگی سے چھاتی کے ایکسرے کرواتے رہنے (health.nsw.gov.au/tb-cxr-monitoring) کا مشورہ دے تاکہ TB کی بیماری کے آثار ظاہر ہونے کی صورت میں ان کا جلد پتہ چلایا جا سکے۔

مزید معلومات

TB کے متعلق مزید معلومات کے لیے health.nsw.gov.au/tb دیکھیں۔

اپنی زبان میں مفت مدد کے لیے 50 14 13 پر تحریری اور زبانی ترجمے کی سروس (TIS) کو فون کریں۔